سوالات

حصہ اوّل

1-) مختصر جوابات دیں۔

س :- 1

ای-ایم-وائٹ نے علم شہریت کی کیا تعریف کی ہے؟

جواب :-

ای-ایم-وائٹ کے مطابق :-

"علم شہریت انسانی علوم کا وہ مفید شعبہ ہے جس میں شہری زندگی کے ہر پہلو کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ خواہ اس کا تعلق ماضی، حال اور مستقبل سے ہو یا مقامی، قومی اور بین الاقوامی معاملات سے ہو۔"

س :- 2

2-) شہریت علم ہے یا فن ؟

جواب :-

شہریت علم اور فن دونوں ہیں۔

س :- 3

3-) مادیت کسے کہتے ہیں؟

جواب

معاشیات کی بنیاد مادیت ہے۔ دولت، وسائل اور مادی ترقی اس کے مختصر دائرے میں شامل موضوعات ہیں۔ علم شہریت میں ذہنی اور روحانی سکون اور ترقی کو زیادہ اہمیت دی جاتی

vivo Y20s
27-May-2022, 10:02

بلو ٹیسٹ

س ۴:

سائنس کا مفہوم بیان کریں۔ ۴۔

جواب :-

واضح، ٹھوس، آفاقی اور قطعی اصولوں پر مبنی مضمون کا نام سائنس ہے۔ سائنس کے اصول باضابطہ اور یکساں طور پر تسلیم شدہ ہوتے ہیں۔

س ۵:

طبعی علوم اور معاشرتی علوم میں کیا فرق ہے؟ ۵۔

جواب :-

ا) طبعی علوم:-

طبعی علوم میں طبیعات، کیمیا، الجبرا، زوالوجی اور ریاضی وغیرہ شامل ہیں۔ طبعی علوم ٹھوس، واضح، حتمی اور آفاقی اصولوں اور ضوابط کا مجموعہ ہیں۔

ب) معاشرتی علوم:-

معاشرتی علوم کا تعلق انسان اور معاشرے کے مختلف پہلوؤں سے ہے۔ معاشرتی علوم میں شہریت کے علاوہ سیاسیات، عمرانیات، نفسیات، تاریخ، اور اخلاقیات خصوصی طور پر قابل ذکر ہیں۔

vivo Y20s
27-May-2022, 10:03

س: 7

سیاسی معاشیات سے کیا مراد ہے؟ 7-

جواب:

علم شہریت اور علم سیاسیات دونوں سے معاشیات کا اتنا گہرا تعلق ہے کہ ابتدائی زمانوں میں تینوں کو ایک علیحدہ علم سمجھا جاتا تھا اور نام "سیاسی معاشیات" (political Economy) کا دیا جاتا تھا۔

س: 8

تاریخ کو علم شہریت کی تجربہ گاہ کیوں کہا جاتا ہے؟ 8-

جواب:

علم شہریت شہریوں کے بنائے ہوئے اداروں، عادات سرگرمیوں اور جذبات کا مطالعہ ہے جب کہ تاریخ میں گزرے ہوئے ادوار کے بارے میں پڑھا جاتا ہے نیز تاریخ میں انسانوں اور اقوام کے بتدریج ارتقاء کا جائزہ لیا جاتا ہے۔

س: 9

دو ایسے مفکرین کے نام لکھیے جو شہریت کو علم کا مقام دینے سے گریزاں ہیں۔ 9-

جواب:

1- کارل مارکس 2- ارسطو

vivo Y20s
27-May-2022, 10:03

سلیوکس

س ۱۰-

۱۰- علم شہریت ایک شہری کے کردار کی تعمیر کیسے کرتا ہے؟

جواب:-

علم شہریت شہریوں میں اعلیٰ کردار کی تعمیر کرتا ہے۔ انہیں صحیح اور غلط میں امتیاز کرنا سکھاتا ہے۔ یہ غلط کاموں سے روکتا اور اچھے راستوں پر چلنے کا درس دیتا ہے۔

حصہ سوم

3- ہر سوال کے چار جوابات دیئے گئے ہیں درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1- قدیم یونان کے اندر ریاستیں تھیں۔

(الف) 158 (ب) 156 (ج) 154 (د) 152

2- "علم شہریت شہری زندگی اور اس کے مسائل کے مطالعہ کا علم ہے" یہ الفاظ کس مفکر کے ہیں۔

(الف) ڈاکٹر کے۔ کے عزیز (ب) ای۔ایم۔وائٹ

(ج) پروفیسر پیٹرک گیڈیز (د) ایف۔جے گولڈ

3- معاشرتی علوم کی ماں ہے۔

(الف) علم شہریت (ب) علم تاریخ (ج) علم معاشیات (د) علم عمرانیات

4- "تمام انقلابات، تحریکوں اور جنگوں کے پیچھے معاشیات ہی اہم سبب ہے" یہ کس مفکر کا دعویٰ ہے؟

(الف) کارل مارکس (ب) ارسطو (ج) افلاطون (د) روسو

5- علم شہریت کے لیے متبادل لفظ استعمال ہوتا ہے۔

(الف) سیاسیات (ب) اخلاقیات (ج) حیاتیات (د) مدنیت

vivo Y20s
27-May-2022, 10:03

بونس

6- کس مشہور ماہر معاشیات نے معاشیات کو "دولت اور حصول دولت کا علم" کہا ہے۔؟

(الف) آدم سمتھ (ب) مارشل (ج) ڈیوڈ ریکارڈو (د) رابنز

7- افلاطون کی وہ کون سی کتاب ہے جس میں امثالی کا نقشہ کھینچا گیا ہے؟

(الف) دی ری پبلک (ب) پولیٹکس

(ج) لیویاتھان (د) کمیونسٹ مینی فسٹو

8- عربی میں "مدینہ" کے معنی ہیں۔

(الف) تنظیم (ب) ریاست (ج) ضابطہ (د) شہر

9- اڑھائی ہزار سال پہلے ایک عظیم تہذیب کا گہوارہ تھا۔

(الف) چین (ب) سپین (ج) یونان (د) فرانس

10- علم شہریت کو انگریزی میں کہتے ہیں۔

(الف) پولیٹکس (ب) سیوکس (ج) شوس (د) سوسائٹی

11- کون سا نظام حکومت سب سے زیادہ پسند کرتی ہے؟

(الف) جمہوریت (ب) آمریت (ج) صدارتی (د) بادشاہت

12- مشہور مفکر ارسطو کا تعلق کس ملک سے تھا؟

(الف) ایران (ب) اٹلی (ج) روم (د) یونان

vivo Y20s

27-May-2022, 10:04